Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کا غیر آئینی صدارتی انتخاب پر ردعمل

چوری شدہ مینڈیٹ پر جعلی حلف اٹھانے والے ارکان کے ووٹ کی بنیاد پر ریاست کے سربراہ کا انتخاب سراسر غیر آئینی اور ناقابلِ قبول ہے، عدالتی حکم کی توہین کر کے مخصوص نشستوں پر غیر منتخب اراکین سے حلف لے کر صدارتی انتخاب کے نام پر تماشا رچایا جا رہا ہے،

قومی و صوبائی اسمبلیوں کی تمام مخصوص نشستوں پر منتخب ارکین کیساتھ الیکٹورل کالج مکمل ہوئے بغیر صدارتی انتخاب کا انعقاد پاکستان کے آئین کے منافی اور غیر قانونی ہے،

عوام کے مینڈیٹ کے بعد عدالتی حکم کو پیروں تلے روند کر مسترد شدہ افراد کو قومی و پنجاب اسمبلی کا رکن بنانا عدلیہ کی خودمختاری پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہے،

صدر کے الیکشن میں مخصوص نشستوں پر غیر منتخب اراکین اور جعلی فارم 47 کی بنیاد پر اسمبلی میں بیٹھنے والوں کے ووٹ کی کوئی حیثیت نہیں ہو گی،

تحریک انصاف کے مینڈیٹ پر شب خون مارکران کو مخصوص نشستوں کے آئینی حق سے محروم کرنے کا مقصد ایک مسترد شدہ شخص کو ملک کے سب سے بڑے آئینی عہدے پر فائز کرنا ہے،

کل تک ایک دوسرے کو سڑکوں پر گھسیٹنے کے دعوے کرنے والے ایک بار پھر نئے سرے سے لوٹ مار کا بازار گرم کرنے کیلئے متحد ہو چکے ہیں،

عوام کے مینڈیٹ کی مسلسل توہین کرتے ہوئے ملک میں آئین اور قانون کی پامالی کا بدترین سلسلہ بلا روک جاری ہے، پاکستانی قوم اپنی مرضی اور فیصلے کے خلاف کرپٹ ترین افراد کو ملک کے صدر و وزیراعظم کی حیثیت سے کبھی قبول نہیں کرے گی،

تحریک انصاف کی قیادت میں چوری شدہ مینڈیٹ واپس لینے کیلئے کل بروز اتوار قائد عمران خان کی کال پر ملک بھر میں پرامن احتجاج کیا جائے گا، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ